رہبر معظم کا آیت اللہ خوشوقت کی رحلت پر تعزیتی پیغام - 20 /Feb/ 2013

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے عالم ربانی آیت اللہ خوشوقت کے انتقال پر اپنے تعزیتی پیغام میں عالم ربانی اور سالک الی اللہ کے انتقال کو ان کے معنوی مقام کو پہچاننے والوں اور مرحوم کے حضور سے فیضیاب ہونے والےشاگردوں کے لئے عظیم مصیبت اور المناک حادثہ قراردیا ہے اور مرحوم کے معزز خاندان ، اولاد ، رشتہ داروں اور دوستوں کو تعزیت پیش کی ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے تعزیتی پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فراواں افسوس اور غم کےساتھعالم ربانی، عارف باللہ ، سالک الی اللہ مرحوم آیت اللہ آقائ حاج شیخ عزیز اللہ خوشوقت رضوان اللہ علیہ کے انتقال کی خبر سے مطلع ہوا۔

معنویت اور تہذیب سے سرشار زندگیبے مثال مجاہدت ، مشتاق دلوں اور آمادہ نفوس کی بے نظیر تربیت کے ہمراہ سلوک الی اللہ کی جانب مضبوط و استوار گام ،اس معلم اخلاق و معرفت کی زندگی کا مختصر خلاصہ ہیں، بیشک مرحوم کے معنوی مرتبہ سے آشنا افراد اور مرحوم کے حضور سے فیضیاب ہونے والےشاگردوں کے لئے یہ ایک المناک اور دردناک واقعہ ہے۔ میں اپنی طرف سے مرحوم کے معزز خاندان ، اولاد ، دوستوں اور شاگردوں کو تعزیت اور تسلیت پیش کرتا ہوں اور اللہ تعالی کی بارگاہ میں دعا کرتا ہوں کہ وہ مرحومپر اپنی رحمت نازل فرمائے ،مرحوم کےدرجات کو بلند اور انھیں اپنے اولیاء کے ساتھ محشور فرمائے۔

سید علی خامنہ ای

2 اسفند ماہ 1391